کے۔الیکٹرک نارتھ ناظم آباد گرڈ کی مینٹیننس جمعرات کو کرے گا

کراچی: بروز جمعرات ،23 فروری 2023 کو نارتھ ناظم آباد گرڈ پر کے۔ الیکٹرک کی جانب سے ضروری مینٹیننس کی جائے گی، جس کے باعث نارتھ ناظم آباد گرڈ سے منسلک علاقوں میں صبح 8:00 سے رات 8:00 بجےتک عارضی طور پر بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔

تمام صارفین جو 8119 پر رجسٹرڈ ہیں، ان کو اس مینٹیننس شٹ ڈاؤن کی پیشگی اطلاع بذریعہ ایس ایم دی جا چکی ہے۔

مزید معلومات کے لیے صارفین 118 یا کے۔ الیکٹرک کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

نارتھ ناظم آباد گرڈ سے منسلک جن علاقوں کی بجلی بند رہے گی ان میں نارتھ ناظم آباد بلاک اے، بی، سی ڈی، ای، ایف، جی، ایچ، ایل، ایم، آئی، جے، کے، پی، کیو، آر، ایس، ٹی، یو، ڈبلیو، پیر آباد نمبر1 ،بخاری کالونی، الٰہی کالونی، صاحب آباد سیکٹر 3، مسلم آباد، محمد پور، قصبہ کالونی، اسلامیہ کالونی، کچی آبادی، کوثر نیازی کالونی، چاندنی چوک ناظم آباد، کھنڈو گوٹھ، ناظم آباد نمبر ایک، تین اور پانچ، اشرف نگر، نصرت بھٹو کالونی، علی گڑھ بازار اورنگی، واحد کالونی، شادمان ٹاؤن سیکٹرB-14اور نارتھ ناظم آباد سیکٹرA/5-15 بفرزون شامل ہیں۔

کے۔ الیکٹرک کا تعارف

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے، جس کا قیام پاکستان بننے سے قبل 1913 میں کے ای ایس سی کے طور پر عمل میں آیا۔ 2005 میں کمپنی کی نجکاری کی گئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں لسٹڈ ہیں اور کے ای ایس پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد حصص ہیں۔